Discussion topics

1. Who plays the important role in the grooming of children father or mother?
2. Struggle for women's rights is obligatory in country or not? Discuss.
3. The personal interest are prevailing over our national interest. Discuss.
4. The movement for the rights of women is imposing negative effects on society.
5. Why western nations are more developed than us?
6. What is the reason of deterioration of moral values in our society?
7. Football is cheaper than cricket. Why Govt of Pakistan is not bringing up a healthy environment for this game?
8. Causes of terrorism in Pakistan.

9. Reasons of un-employment is education or poverty? Discuss.

10 Deeni Madrasas are playing an important role in educating poor children but their impression is not good. What step should be taken to improve their impression?

11. The reasons for increasing the smuggling in Pakistan and what step should be taken to overcome this?

12. Should we recognize India as regional power? Discuss.

13. Islam gives the message of peace but we are murdering one an other. Discuss.

14. How we can encounter western and Indian media?

15. Is India sincere in "SAARC" If not then what step should be taken?

پاکستان میں الیکشن پانچ کے بجائے چار سال بعد ہونے چاہیے۔ بحث کریں

IN PAKISTAN ELECTION SHOULD BE HELD AFTER EVERY FOUR YEARS INSTEAD OF FIVE YEARS. DISCUSS

پاکستان میں پارلیمانی نظام حکومت فیل ہو چکا ہے۔ ہمیں صدارتی نظام حکومت اپناتے ہوئے ہچکچانا نہیں چاہیے

PARLIAMENTARY FORM OF GOVERNMENT SYSTEM HAS FAILED IN PAKISTAN. WE SHOULD NOT HESITATE IN OPTING PRESIDENTIAL TYPE OF GOVERNMENT. GIVE YOUR VIEWS.

پاکستان میں تعلیمی اور دیگر اداروں میں چھٹیوں کا تناسب دوسرے ممالک سے زیادہ ہے۔ بحث کریں

THE RATIO OF VACATIONS IN EDUCATIONAL AND OTHER INSTITUTIONS IN PAKISTAN IS GREATER THAN OTHER COUNTRIES. DISCUSS.

مذہب اور حکومت دو الگ الگ چیزیں ہیں۔ ان کو ایک نظر سے نہیں دیکھنا چاہیے۔ بحث کریں

RELIGION AND GOVERNMENT ARE TWO DIFFERENT THINGS. THESE SHOULD NOT BE AMALGAMATED. DISCUSS.

ہمیں "CTBT" پر دستخط کرنے کی پرابلم کو کشمیر کی پرابلم کے ساتھ منسلک کرنا چاہیے۔ بحث کریں

WE SHOULD LINK THE SIGNING OF "CTBT" WITH KASHMIR PROBLEM. DISCUSS

TOPICS

پاکستان میں بڑھتی ہوئی فرقہ واریت کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام مذہبی جماعتوں پر پابندی لگا دینی چاہیے۔آپ کا کیا خیال ہے؟

IN VIEW OF THE PREVAILING SECTARIANISM IN THE COUNTRY, ALL RELIGIOUS BASED MILITANT GROUPS SHOULD BE BANNED. GIVE YOUR VIEWS

تمام شمالی علاقہ جات کو ایک مکمل صوبہ کی شکل دے کر اس کو پاکستان میں ضم کر دینا چاہیے۔آپ کا کیا خیال ہے؟

NORTHERN AREAS SHOULD BE MERGED IN PAKISTAN WITH FULL FLEDGE STATUS OF A PROVINCE. DISCUSS

پاکستان کے دفاع کیلئے کیا چیز ضروری ہے۔تعلیم یا اسلحہ، بحث کریں

WHAT COULD BE EFFECTIVE FOR DEFENCE OF PAKISTAN. EDUCATION OR WEAPONS. DISCUSS

تمام اسلامی ممالک کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنے کیلئے پاکستان کیا کردار ادا کر سکتا ہے. بحث کریں

WHAT ROLE CAN PAKISTAN PLAY TO BRING ISLAMIC COUNTRIES ON ONE PLATFORM. DISCUSS

بین الاقوامی کھیلیں تمام ممالک کے لئے صحت مند تعلقات کا بہترین ذریعہ ہیں۔ بحث کریں

INTERNATIONAL SPORTS COMPETITION BETWEEN COUNTRIES. IS SOURCE OF HEALTHY RELATIONSHIP.

پاکستان میں شرح خواندگی میں اضافے کے لئے ٹیلی ویژن بے حد اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ بحث کریں

TELEVISION CAN PLAY VITAL ROLE TO IMPROVE LITERACY RATE IN PAKISTAN. DISCUSS.

امریکہ کی پاکستان کے اندرونی معاملات میں غیر معمولی دلچسپی اور مداخلت کی کیا وجوہات ہیں؟

WHAT ARE THE MOTIVES OF UNITED STATES OF ITS KEEN INTEREST AND UNDUE INTERFERENCE IN INTERNAL AFFAIRS OF PAKISTAN

پاکستان کو اپنی آزادی اور بقاء کو برقرار رکھنے کے لئے کیا چیز زیادہ ضروری ہے۔ نیوکلیئر پروگرام کو جاری رکھنا، مسلح افواج میں اضافہ یا اپنی خارجہ پالیسی میں ردوبدل اور بہتری، بحث کریں

WHAT IS MOST IMPORTANT FOR PAKISTAN TO PRESERVE ITS FREEDOM. AND SOVEREIGNTY, CONTINUE NUCLEAR PROGRAMME, INCREASE STRENGTH OF ARMED FORCES OR IMPROVE HER FOREIGN POLICY.

طبقہ نسواں مختلف میدانوں میں اپنی تمام تر صلاحیتوں کے باوجود مرد کے مقابلے میں کم تر ہے۔ بحث کریں

WOMEN FOLK, DESPITE THEIR ADEQUATE POTENTIAL IN VARIOUS FIELDS, CAN NOT MATCH UP TO MEN S PERFORMANCE. DISCUSS.

SHAHEEN FORCES ACADEMY
Enter to Learn, Leave to Lead
PAKISTAN

کیا طلبہ کو سیاست میں حصہ لینا چاہیئے؟

حق میں کیونکہ :-

- اس سے طلبہ کو لیڈر شپ کی تربیت ملتی ہے۔
- ذمہ داری نبھانے کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔
- طلبہ میں خود اعتمادی کی صفت پیدا ہوتی ہے۔
- گورنمنٹ کے غلط فیصلوں پر تنقید کرنا آجاتا ہے۔
- پاکستان جیسی خداداد مملکت، طلبہ کے سیاست میں حصہ لینے ہی کا ثمرہ اور واضح ترین دلیل ہے۔

مخالفت میں کیونکہ :-

- پیسے کا ضیاع ہوتا ہے۔
- قیمتی وقت برباد ہوتا ہے۔
- بچکانہ لیڈر شپ غلط راستہ پر گامزن کر دیتی ہے۔
- غیر ذمہ دارانہ رویہ کی وجہ سے ملک و قوم کا نقصان ہوتا ہے۔
- سیاست کے چکر میں آکر طلبہ تعلیم سے دور ہٹ جاتے ہیں۔
- طلبہ کی پڑھائی کا بہت حرج ہوتا ہے۔
- طلبہ اپنے اصلی ہدف تعلیم سے محروم رہ جاتے ہیں۔
- پاکستان بن چکنے پر قائدِ اعظمؒ نے طلبہ سے مخاطب ہو کر فرمایا تھا کہ اب ہم نے ایک آزاد ملک حاصل کر لیا ہے اور اب آپ کا کام صرف یہ ہے کہ آپ دل لگا کر پڑھیں اور اپنی تعلیم پر پوری پوری توجہ دیں۔

پاکستان کے لیے صنعتی ترقی زیادہ ضروری ہے یا زراعتی؟

صنعتی ترقی کیونکہ :-

- صنعت سے ملک میں بیروزگاری کا خاتمہ ہوتا ہے۔
- زرِ مبادلہ حاصل کرنے میں مدد ملتی ہے۔
- زیادہ سے زیادہ لوگوں کو روزگار کے مواقع ملتے ہیں۔
- اسلحہ کی صنعت ملک کی دفاعی قوت کو مضبوط کرتی ہے۔
- صنعتی ضروریات کے معاملہ میں ملک خود کفیل ہو جاتا ہے۔

زراعتی ترقی اس لیے کہ :-

- صنعتی ترقی کیلئے خام مال فراہم کرتی ہے۔
- ملک سے غربت ختم ہو جاتی ہے۔
- صنعتی ترقی کی راہیں ہموار ہوتی ہیں۔
- اناج چونکہ زندگی کا لازمہ ہے لہٰذا بنیادی ضرورت پوری ہوتی ہے۔
- قومی آمدنی میں سب سے بڑا حصہ زراعت کا ہے۔
- بنیادی طور پر ہمارا ملک زرعی ہے اس لئے ہمیں زراعت ہی کو اولیت دینا چاہیئے اور زراعت میں زیادہ سے زیادہ ترقی حاصل کرنے کی تگ و دو کرنا چاہیئے۔

For detail understanding subscribe our YouTube Channel of **Shaheen Forces Academy**
Contact Email: sarfraz206@gmail.com

مسلمانوں کے متحد نہ ہونے کی کیا وجوہات ہیں؟

- ذاتی اغراض کو اوّلیت دی جاتی ہے۔
- اسلام کی خدمت کے بجائے اپنی ذات کو شہرت دینے کی کوشش،
- مختلف اقوام، ذاتیں، فرقے اور نسلوں کو اہمیت دینا۔
- قرآن کی ہدایات سے دانستہ چشم پوشی،
- زندگی کی اقدار بے قیمت کا ہو کر رہ جانا،
- باہمی اختلافات کو ہوا دیئے رہنا۔
- سہل پسندی کی عادت جس سے قربانی کے لئے قدم اٹھانے کی جرأت نہ ہونا۔
- اپنے اسلاف کے کارنامے اور آپس میں مل جل کر ایک رہنے کے مقاصد سے عدم دلچسپی۔
- بزرگوں کے نقشِ قدم سے انحراف،
- مغربی رسوم و رواج کی اندھا دھند تقلید۔

اِمتحان میں نقل کے ذمّہ دار اساتذہ ہیں یا طلبہ؟

اساتذہ ذمّہ دار ہیں کیونکہ:-

- اساتذہ جان بوجھ کر طلبہ کو نقل کے مواقع دیتے ہیں تاکہ انکا رزلٹ اچھا ہو
- رشوت و نذرانہ وغیرہ کی وجہ سے بھی اساتذہ ایسا کرتے ہیں۔
- خاص طور سے اپنے منظورِ نظر طلبہ کو اساتذہ کھلی چھٹی دے دیتے ہیں۔
- اساتذہ طلبہ کی کمزوری دور نہیں کروا پاتے چنانچہ امتحان میں طلبہ نقل کرنے پر مجبور ہوتے ہیں۔
- ٹیوشن والے طلبہ کو امتحان میں پاس کروانا اساتذہ کی گویا ذمہ داری ہوتی ہے۔ اس لئے بھی انہیں نقل کروانا پڑتی ہے۔

طلبہ ذمّہ دار ہیں اس لئے کہ:-

- سارا سال محنت تو کرتے نہیں پھر نقل کئے بغیر کیسے پاس ہوں:
- پڑھائی میں باقاعدگی سے شریک نہیں ہوتے چنانچہ پڑھائی میں کمزور رہ جاتے ہیں، اور امتحان میں نقل کئے بغیر پاس نہیں ہو پاتے،
- اساتذہ کی نافرمانی کے سبب قدرتی طور پر محتاج ہو کر رہ جاتے ہیں۔
- نقل کرنے والے طلبہ کو پاس ہوتے دیکھ کر دوسرے طلبہ بھی اسی طرز کو اپنا لیتے ہیں۔
- پڑھائی کے دوران سیاسی پارٹیوں سے منسلک ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے ان کا بہت سا وقت ضائع ہو جاتا ہے اور پھر وہ نقل کئے بغیر پاس نہیں ہو پاتے۔

For detail understanding subscribe our YouTube Channel of **Shaheen Forces Academy**
Contact Email: sarfraz206@gmail.com

SHAHEEN FORCES ACADEMY
Enter to Learn, Leave to Lead
PAKISTAN

زندگی میں زیادہ ضروری چیز قسمت ہے یا محنت؟

قسمت ضروری چیز ہے کیونکہ :-

- آدمی سوچتا ہے لیکن خدا سب کچھ کرنے کی ہمت دیتا ہے۔
- قسمت ایک اہم کردار ادا کرتی ہے، بعض اوقات انسان صرف قسمت ہی کی وجہ سے اپنا کام نہیں کر سکتا۔
- آدمی صرف محنت ہی کر سکتا ہے لیکن اُس کا بہتر نتیجہ صرف خدا کی ذات ہی کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔
- شہزادہ اپنی محنت کی وجہ سے شہزادہ نہیں بن جاتا بلکہ اگر اُس کی قسمت یاوری کرے تو شہزادہ بن سکتا ہے۔

محنت ضروری چیز ہے اس لئے کہ :-

- ہمیشہ محنت رنگ لاتی ہے اور کبھی رائیگاں نہیں جاتی۔
- خدا بھی ہمیشہ انہیں کی مدد کرتا ہے جو اپنی مدد آپ کرتے ہیں۔
- بہت سے لوگ اپنی محنت اور مسلسل جدوجہد سے بڑے بڑے عہدوں پر پہنچ جاتے ہیں۔
- محنت ذہنی سکون بہم پہنچاتی ہے۔
- کامیابی، ہمیشہ محنتی قوموں ہی کے قدم چومتی ہے۔
- محنت کا پھل ضرور ملتا ہے۔
- محنت کر کے انسان اپنی قسمت کو بھی بدل سکتا ہے۔

استاد، آرمی یا انجینیر میں سے کونسا پیشہ بہتر ہے؟

استاد کا پیشہ سب سے بہتر ہے کیونکہ :-

- استاد جانور سے انسان بناتا ہے۔
- استاد علم سکھاتا ہے اور علم سے دل منور ہوتا ہے۔
- استاد کا مقام سب سے بلند ہے، کیونکہ معلمی پیغمبرانہ وصف ہے۔
- استاد تعلیم دینے کے ساتھ ساتھ خود بھی بہرہ ور ہوتا رہتا ہے۔
- علم کا سیکھنا اور دوسروں کو سکھانا حدیث میں تاکیداً وارد ہوا ہے۔
- علم پھیلانا ایک بہت بڑی نیکی ہے۔
- حضور نبی کریمؐ نے بذات خود بچوں کو علم سکھایا ہے۔
- معلمی ایک مقدس پیشہ ہے۔
- تمام انبیاء کرام ایک معلم ہی کی صورت میں اپنی قوم کی رہنمائی فرماتے رہے۔

آرمی کا پیشہ سب سے بہتر ہے کیونکہ :-

- یہ سب سے زیادہ باعزت شعبہ ہے۔
- یہ مذہبی اور قومی فریضہ ہے۔
- اس شعبہ میں جہاں سختی کوشی ہے وہاں احترام بھی بہت ہے
- یہ منظم اور مضبوط زندگی کا شعبہ ہے۔
- یہ جہاد میں عملاً حصہ لینے کی واضح صورت ہے۔
- جہاد کے بارے میں قرآن و حدیث میں بہت تاکید کی گئی ہے۔
- اسمیں حصہ لینے والا ہر ملک و قوم اور اسلام فخر کرتا ہے۔

For detail understanding subscribe our YouTube Channel of **Shaheen Forces Academy**
Contact Email: sarfraz206@gmail.com

انجینئرز کا پیشہ سب سے بہتر ہے کیونکہ :-

- ملک کی ترقی کا تمام تر انحصار اور دارومدار بالعموم انجینئرز ہی پر ہوتا ہے۔
- انجینئر، قوم کا اہم اثاثہ ہوتا ہے۔
- امن و جنگ دونوں حالتوں میں انجینئر کا کردار اہم ہوتا ہے۔
- انجینئرنگ ایک اہم پیشہ ہے، اس میں ترقی کے کافی مواقع میسر آتے ہیں اور مالی طور سے بھی یہ ایک مستحکم پیشہ ہے۔
- انجینئر، بیرونی ممالک میں جا کر بھی اپنے ملک کیلئے اہم کام کرتا ہے، مثلاً جدید مشینری اور زرِ مبادلہ اپنے ملک کے لئے لیکر آتا ہے۔ اس کے علاوہ اپنے ملک کی نیک نامی کا باعث بھی بنتا ہے۔
- انجینئر، موجودہ اور آنے والی نسلوں کی ترقی کے لئے کام کرتا ہے اور جدید سے جدید تر سہولتیں مہیا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔
- یہ بات بجا طور پر کہی جا سکتی ہے کہ تمام ترقی یافتہ ممالک کی ترقی کا راز، انجینئرز ہی کی ذہانت اور محنت کی بدولت ہے۔

معاشرہ کی برائیوں کا ذمہ دار محکمہ پولیس ہے یا عوام؟

معاشرہ کی برائیوں کا ذمہ دار محکمہ پولیس ہے کیونکہ :-

- پولیس کے اہلکار بے ایمانی اور کم ظرفی سے کام لیتے ہیں۔
- بعض اوقات دیکھا گیا ہے کہ عادی مجرموں کی پشت پناہی پولیس کرتی ہے۔
- پولیس کے محکمہ کا انحصار بالعموم رشوت پر ہوتا ہے۔
- امیر اور اثر رسوخ رکھنے والی پارٹی کے بارے میں بالعموم پولیس کا رویہ جانبدارانہ ہوتا ہے، خواہ وہ مجرم ثابت بھی ہو رہے ہوں۔
- پولیس ہر اپنی خانہ پُری یا رشوت کے چکر میں اکثر بیگناہ افراد کو بھی پکڑ کر لے جاتی ہے، جس سے وہ اتفاقاً مجرم بنجاتے ہیں۔

معاشرہ کی برائیوں کا ذمہ دار عوام ہوتے ہیں کیونکہ :-

- قانون کا احترام نہیں کرتے۔
- بعض اوقات عمداً مجرموں کو پولیس کے قابو نہیں چڑھنے دیتے۔
- اگر مجرم پکڑے بھی جائیں تو جھوٹی گواہیوں سے انہیں بچا لیتے ہیں۔
- آفیسران کو رشوت دیکر اپنا الو سیدھا کر لیتے ہیں۔
- ملک کی اکثریت ان پڑھ ہے۔ لہذا قانون کی اہمیت کا صحیح اندازہ نہیں لگا پاتی اور یوں معاشرہ میں برائیاں پھیلتی ہیں۔

For detail understanding subscribe our YouTube Channel of **Shaheen Forces Academy**
Contact Email: sarfraz206@gmail.com

SHAHEEN FORCES ACADEMY
Enter to Learn, Leave to Lead
PAKISTAN

پاکستان کو بیرونی امداد حاصل کرنا چاہیئے یا نہیں؟

حاصل کرنا چاہیئے کیونکہ:۔

- سب ترقی پذیر اقوام کو مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔
- صنعتی ترقی کے لئے مادی مدد کی بہت ضرورت پڑتی ہے۔
- دوستوں کی یہ ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ اپنے دوستوں کی مدد کریں اور وہ دوسروں کے کام آئیں۔
- طرزِ معاشرت کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔
- ایک دوسرے کے تعاون ہی سے زندگی میں آسانیاں پیدا ہوتی ہیں۔
- اسلام بھی ایک دوسرے کے کام آنے کی تاکید کرتا ہے

بیرونی امداد حاصل نہیں کرنا چاہیئے اس لئے کہ

- کسی پر انحصار کرتے رہنے سے اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا بہت مشکل ہو جاتا ہے۔
- بیرونی امداد قبول کر لینے سے دوستی کی بجائے محکومی کی سی صورت پیدا ہو جاتی ہے۔
- مدد کرنے والے اپنے فائدہ کو ہی پیش نظر رکھتے ہیں اس لئے مدد کے پیچھے جو نظریہ آنے والا تاثر ہوتا ہے وہ مدد سے بھی کہیں گراں ہوتا ہے۔
- ذاتی اقدار اور تشخص مجروح ہوتا ہے۔
- آگے بڑھنے اور مزید ترقی کرنے کا جذبہ ختم ہو جاتا ہے۔

محبت کی شادی زیادہ بہتر ہے یا بزرگوں کی طے شدہ؟

محبت کی شادی زیادہ بہتر ہوتی ہے کیونکہ:۔

- ایک دوسرے کو سمجھنے کا بہتر موقعہ ملتا ہے۔
- شادی کی ذاتی ذمہ داری کی وجہ سے ایک دوسرے سے نہایت احتیاط اور محبت سے پیش آتے ہیں۔
- ایک دوسرے کے لئے ہر قسم کی قربانی دینے کے لئے تیار ہوتے ہیں۔

بزرگوں کی طے شدہ شادی بہتر ہوتی ہے اس لئے کہ:

- ماں باپ سے زیادہ اولاد کے حق میں کوئی بھی مخلص نہیں ہوتا اس لئے اُن کا فیصلہ مخلصانہ اور عاقلانہ ہوتا ہے۔
- بزرگوں کا تجزیہ تجربات کی بنیاد پر ہوتا ہے نہ کہ جذباتی۔
- بزرگوں کی دعائیں اور مخلصانہ جذبات بہتری کی صورت پیدا کرتے ہیں۔
- بزرگوں کو اپنی ذمہ داری کا احساس ہوتا ہے اور وہ کوئی اختلاف ہونے کی صورت میں اسے رفع کروا دینے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔
- ماں باپ کو اپنے بچوں کی فطرت کا علم ہوتا ہے، اس لئے وہ اس کے مطابق رفیقِ حیات تلاش کرتے ہیں۔ اسی طرح سے بزرگوں کی طے شدہ شادی زیادہ بہتر ہوتی ہے۔

For detail understanding subscribe our YouTube Channel of Shaheen Forces Academy
Contact Email: sarfraz206@gmail.com